ایف ایف سی میں مزدور یونین سی بی اے کے انتخابات مکمل

سکھر (لیبر نیوز ویب ڈیسک) میرپور ماتھیلو میں واقع فوجی فرٹیلائزر کمپنی لمیٹڈ میں مزدور یونین سی بی اے کے سال 2026/2027 کے لیے تنظیمی انتخابات کا عمل مکمل ہو گیا ہے۔

ان انتخابات کو شفاف اور پرامن بنانے کے لیے وطن دوست مزدور فیڈریشن پاکستان کے مرکزی صدر سید رحمت علی شاہ نے چیئرمین الیکشن کمیٹی کے طور پر اپنے فرائض انجام دیے

انتخابات کے دوران محنت کشوں نے بھرپور جوش و خروش کا مظاہرہ کیا اور اپنے نمائندوں کے انتخاب کے لیے حقِ رائے دہی استعمال کیا

الیکشن کمیٹی کے مطابق، تمام مراحل مروجہ قوانین اور جمہوری اقدار کے تحت طے پائے۔ نو منتخب عہدیداران نے عزم ظاہر کیا ہے کہ وہ ادارے کی ترقی اور کارکنوں کے حقوق کے تحفظ کے لیے اپنی بہترین صلاحیتیں بروئے کار لائیں گے۔

مزدور رہنماؤں نے انتخابات کے کامیاب انعقاد پر سید رحمت شاہ اور کمیٹی کی کوششوں کو سراہا ہے۔